# طلبہ مالیات آفس

## کام کرنے والا خاندان اور طلبہ کی مالی معاونت ایجنسی

## نوٹ برائے طریقہ درخواست گھرانہ فارم کی تکمیل و واپسی

**2025/26**

**انتباہ**

**درخواست میں ذاتی اعداد و شمار کو درخواست گزار کی مالی معاونت اور نوازے جانے والے تعاون کی مناسب سطح کے لئے اہلیت کا اندازہ لگانے کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ دھوکہ دہی سے جائیداد / غیر قانونی فائدہ حاصل کرنا جرم ہے۔ کوئی بھی شخص جو ایسا کرے گا، جرم کا مرتکب ہوگا اور اعتراف جرم کئے جانے پر چوری آرڈیننس، باب 210 کے تحت زیادہ سے زیادہ 10 سال کی قید کی سزا کا مستوجب ہو گا۔**

## اہم نوٹس

### I. عام معلومات

- براہ مہربانی فارم کوسیاہ یا نیلی سیاہی سے واضح طور پر پُرکریں اور گھرانہ درخواست فارم اور ان نوٹس میں بیان کردہ ہدایات کے مطابق حصوں I تا VIII کو مکمل کریں۔

### II. معاون دستاویزات کے داخل کیے جانے پر نکات

- جمع آوری کے لیے درکار **معاون** دستاویزات کی نقل (مثلاً شناختی دستاویزات، الحاقی دستاویزات برائے علیحدگی / طلاق (واحد والدین کنبوں کے لیے)، سالانہ آمدنی پر دستاویزی ثبوت، وغیرہ)، براہ مہربانی تفصیلات کے لیے اس نوٹس کے پیراگراف 9.2 سے رجوع کریں۔ براہ مہربانی نوٹ کریں کہ <u>درخواست دہندگان کو درکار **معاون** دستاویزات فراہم کرنا ضروری ہے؛ بصورت دیگر **طلبہ مالیات آفس** (SFO) (درخواست پر کارروائی نہیں کرسکے گا۔</u>
- برائے مہربانی ہدایات پرعمل کریں جو کہ "**معاون** دستاویزات کے لیے کور شیٹ" [SFO 108] پر ہیں اور درخواست دہندگان اورکنبے کےارکان کی شناخت دستاویزات کی نقول (بشمول انحصاری والد (والدین) (اگر لاگو ہو) کے دعوٰی کو درخواست کے ساتھ متعلقہ دیگر دستاویزات کی نقول کے ہمراہ جمع کروائیں۔

### <u>گھرانہ درخواست فارم کی تکمیل</u>

**1. حصہ I درخواست گزار کے کوائف**

(درخواست دہندگان کا درخواست دہندگان طلباء کے والدین یا سرپرست (جیسا کہ نابالغ افراد کی سرپرستی کے آرڈیننس، کیپ 13 کے تحت تسلیم شدہ ہے) ہونا ضروری ہے)

> براہ کرم بڑے حروف کا استعمال کیجئے؛ پہلے خانہ سے شروع ہو کر خاندانی نام لکھیں؛ اور ہر لفظ کے درمیان ایک خالی جگہ چھوڑیں۔ چھوڑیں۔

> درخواست گزار کو چاہئے کہ درست مطابقت والا پتہ فراہم کرے۔ بصورت دیگر، SFO تحریری طور پر درخواست گزار سے رابطہ کرنے کے قابل نہیں ہو گا۔ اگر درخواست گزارصرف درخواست جمع کرانے کے بعد ہی رہائش گاہ کی جگہ کی تصدیق کر سکتا ہے، تو براہ کرم SFO کو نئے مطابقت والا پتہ تحریری طور پر فراہم کریں جیسے ہی دستیاب ہو۔ اگر درخواست گزار ہانگ کانگ میں مقیم نہیں ہے، تو مستقبل کی خط و کتابت کے لئے براہ کرم ہانگ کانگ کا مطابقت شدہ پتہ فراہم کرے کریں۔

1. Name in Chinese: 陳 大 文
2. Title @#
3. Name in English: C H A N   T A I   M A N
4. Correspondence Address *(Please fill out in English)*
   - Flat: A
   - Floor: 1 2
   - Block
   - Name of Building: H A P P Y   H O U S E
   - Estate / Village: H A R M O N Y   E S T A T E
   - No. & Name of Street:
   - District: S H A M   S H U I   P O
   - Area: # ☐ 1. HK ☑ 2. KLN ☐ 3. NT
5. Year of Birth: 1 9 7 0
6. HKID Card No.: A 1 2 3 4 5 6 ( 7 )
   *(If HKID Card No. is not available, please provide Other Identity Document N…*
   - …ther Identity Document Type: *(Please refer to paragraph…*
   - …ther Identity Document No.:
7. … 2 3 4 5 6 7 8
8. HK Mobile Phone No.: 1 2 3 4 5 6 7 8 *(The SFO will send various notifications by means of SMS. Please fill in the phone number that can receive SMS.)*
9. Email Address: c h a n t m @ g m a i l . c o m
10. Your marital status during the period from 1.4.2024 to 31.3.2025
    - # ☑ A. Married *(Please provide spouse's information in Part II)*
    - ☐ B. * Divorced ∕ Separated ∕ Widowed ∕ Single ∕ Others (Please specify : ____________ ) *(Please provide copies of supporting documents, and spouse's information need <u>not</u> be provided in Part II)*

> اگر درخواست گزار ہانگ کانگ شناختی کارڈ کا حامل نہیں ہے، تو براہ کرم اس نوٹ کے پیراگراف 1.1 کے مطابق دیگر شناختی دستاویز کی قسم اور نمبر فراہم کریں۔

> SFO کو ایس ایم ایس کے ذریعے درخواستوں کی وصولی اور متعلقہ ادائیگی کی معلومات (اگر قابل اطلاق ہو) کی رسید جاری کرنے میں سہولت کے لئے، براہ کرم درخواست گزار کا ہانگ کانگ کا موبائل نمبر پُر کریں۔

> براہ کرم خانہ میں دکھائے ہوئے نمونے کی طرح HKID کارڈ نمبر کو پُر کیجئے۔

> براہ مہربانی 1.4.2024 سے 31.3.2025کے دوران ازدواجی حیثیت کے حوالے سے پُر کریں۔ اگر درخواست گزار "شادی شدہ" ہے تو، جز (A) کے ساتھ دیئے گئے خانے میں "✓" لگائیں اور درخواست فارم کے حصہ II میں شریک حیات کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔

> اگر درخواست گزار 1.4.2024 سے 31.3.2025 کے دوران تنہا باپ / ماں ہے، تو براہ مہربانی درج ذیل مثال پر عمل کریں اور جز (B) سے اگلے خانے میں "✓"لگائیں اور <u>ناقابل اطلاق حیثیت کو حذف کردیں</u>۔
>
> ☑ B. * Divorced ∕ ~~Separated ∕ Widowed ∕ Single ∕ Others~~ (Please specify : ____________ )
> *(Please provide copies of supporting documents, and spouse's information need <u>not</u> be provided in Part II)*

11. ☐ Paper-based application form is needed in the next school year
    (Note: Applicants who do not put "✓" in the box will be treated as opting for electronic application form in the next school year. To facilitate application and for environmental protection, the SFO encourages applicants to submit electronic application.)

> درخواست دہندگان جو باکس میں "✓" نہیں لگاتے ہیں وہ اگلے تعلیمی سال میں SFO سے کاغذ پر مبنی پہلے سے طبع شدہ درخواست فارم وصول نہیں کریں گے۔ الیکٹرانک درخواست جمع کرانے کی سہولت کے لیے SFO پہلے سے پُر شدہ الیکٹرانک درخواست فارم آن لائن حاصل کرنے کے لیے ایک رسائی کوڈ جاری کرے گا اور متعلقہ درخواست دہندگان کو بیجز کی مناسبت سے تقریباً وسط مارچ 2026 سے متعلقہ معلومات فراہم کرے گا۔

1.1 اگر درخواست گزار ہانگ کانگ شناختی کارڈ کا حامل نہیں ہے، تو براہ کرم مندرجہ ذیل کوڈ کا استعمال کرتے ہوئے "دیگر شناختی دستاویز کی قسم" کو پُر کریں اور شناختی دستاویز کی نقل کے ساتھ متعلقہ شناختی دستاویز نمبر مہیا کریں:

| | | |
|---|---|---|
| 0 4 شناختی سرٹیفکیٹ | 0 3 دوبارہ داخلے کا اجازت نامہ | 0 2 پاسپورٹ |
| 0 7 ویزہ مقاصد کیلئے شناختی اقرار نامہ | 0 6 داخلے کا اجازت نامہ | 0 5 شناختی دستاویز |
| 9 9 دیگر دستاویزات | 0 9 مین لینڈ شناختی دستاویزات | 0 8 یک طرفہ اجازت نامہ |

## 2. حصہ II خاندان کے اراکین اور مالیاتی معاونت کی اسکیموں کے بارے میں تفصیلات

2.1 شریک حیات، طالبعلم درخواست گزار اور اہلِ خانہ کے ساتھ رہنے والے غیر شادی شدہ اولاد

براہ کرم خانہ میں دکھائے ہوئے نمونے کی طرح، فارم میں دعوٰی کردہ اپنے شریک حیات کا HKID کارڈ نمبر پُر کریں۔

**A. Spouse**

1. Name in Chinese: 黃 小 芬
2. Name in English: WONG SIU FAN
3. Year of Birth: 1972
4. HKID Card No.: B 123456 (7)

(If HKID Card No. is not available, please provide

Other Identity Document Type: (Please refer to paragraph 1.1 of "Notes on How to Complete and Return Household Application Form")

Other Identity Document No.:

5. HK Mobile Phone No. @ 12345678

اگر آپ کا/کی شریک حیات ہانگ کانگ شناختی کارڈ کا حامل نہیں ہے، تو براہ کرم اس نوٹ کے پیراگراف 1.1 کے مطابق دیگر شناختی دستاویز کی قسم اور نمبر فراہم کریں۔

براہ کرم بڑے حروف کا استعمال کیجئے؛ پہلے خانہ سے شروع ہو کر خاندانی نام لکھیں؛ اور ہر لفظ کے درمیان ایک خالی جگہ چھوڑیں۔

براہ مہربانی باکس میں دکھائے ہوئے نمونے کی طرح، طالب علم-درخواست گزار / غیر شادی شدہ بچہ جو خاندان کے ساتھ رہائش پذیر ہو جس کے لیے فارم میں کلیم کیا گیا ہو کے HKID کارڈ نمبر / پیدائش کا سرٹیفکیٹ نمبر پُر کریں اور متعلقہ شناختی دستاویز کی ایک نقل جمع کرائیں (اگر لاگو ہو)۔

اگرخاندان کے ساتھ رہنے والا طالب علم- درخواست گزار /غیرشادی شدہ اولاد ہانگ کانگ شناختی کارڈ کا حامل نہیں ہے، تو براہ کرم اس نوٹ کے پیراگراف 1.1 کے مطابق دیگر شناختی دستاویز کی قسم اور نمبر فراہم کریں۔

**B. Student-applicants and unmarried children residing with the family (If more than one child, please fill out this part starting from the youngest child.)**

| | Student-applicant 1 / Unmarried child residing with the family 1 | Student-applicant 2 / Unmarried child residing with the family 2 |
|---|---|---|
| 1. Name in Chinese | 陳 小 芳 | 陳 大 明 |
| 2. Name in English | CHAN SIU FONG | CHAN TAI MING |
| 3. Date of Birth | D 01 M 01 Y 2010 | D 01 M 01 Y 2005 |
| 4. HKID Card No. / Birth Certificate No. | D 123456 (7) | C 123456 (7) |
| If not available, please provide: Other Identity Document Type | (Please refer to paragraph 1.1 of "Notes on How to Complete and Return Household Application Form") | (Please refer to paragraph 1.1 of "Notes on How to Complete and Return Household Application Form") |
| Other Identity Document No. | | |
| 5. Status for 2024-25 | # ✓ A. Under education; B. In employment; C. Unemployed; D. Other | |
| 6. Name of School / Institution in 2025/26 | NUMBER ONE SECONDARY SCHOOL | |
| 7. Class level in 2025/26 | S4 | |
| 8. Mode of study | # ✓ A. Whole-day; B. Half-day (A.M. session); C. Half-day (P.M. session); D. Part-time | |
| 9. Apply for schemes (On student basis and you may choose more than 1 item, if applicable) | # ✓ Need; Do not need<br># Kindergarten & below levels: (1)KCFRS + (2)Grant-KG^ (^ Grant-KG only applicable to KG students (K1-K3))<br># Primary & secondary levels or equivalent: ✓ (3) TA; ✓ (4) STS; (5) DAEFR / DYJFR; (6) FR(FAEAEC) | # ✓ Need; Do not need<br># Kindergarten & below levels: (1)KCFRS + (2)Grant-KG^ (^ Grant-KG only applicable to KG students (K1-K3))<br># Primary & secondary levels or equivalent: (3) TA; (4) STS; ✓ (5) DAEFR / DYJFR; (6) FR(FAEAEC) |

اگر درخواست گزار بچوں کے لیے تعلیمی سال 2025/26 میں (بشمول KCFRS، Grant-KG، TA، STS، DAEFR / DYJFR اور FR(FAEAEC)) مالیاتی معاونت کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی جز 8، 5 اور 9 کے مناسب خانوں میں "✓" لگائیں۔ اگر غیر شادی شدہ افراد 2025/26 میں کسی تیسرے درجے کے ادارے میں پڑھ رہا ہو تو، براہ مہربانی جز ''اسکیموں کے لیے درخواست دیں'' کے تحت "ضرورت نہیں"" کو منتخب کریں۔

اگر درخواست گزار پری پرائمری طلباء (بشمول (1) KCFRS اور (2) Grant-KG کے لیے مالی مدد کی درخواست دینا چاہتا ہے تو، خانے میں "✓" لگائیں۔ اہل KG طالب علم درخواست دہندگان (K1-K3) کو KCFRS اور Grant-KG کے تحت (اگر قابل اطلاق ہو) فیس میں چھوٹ فراہم کی جائے گی۔ اہل بچے جو کہ پورا دن بچوں کی دیکھ بھال کی خدمات (N1 & N2) حاصل کر رہے ہوں انہیں محض KCFRS کے تحت فیس میں چھوٹ فراہم کی جائے گی۔

2.1.1 اگر درخواست گزار کے ساتھ رہنے والے 4 سے زائد غیر شادی شدہ اولاد ہیں، تو براہ کرم درخواست گزار کے دستخط کے ساتھ ایک علیحدہ پرچہ کو منسلک کر کے درخواست فارم کے حصہ II کے تحت سیکشن B میں موجود فارمیٹ کے تحت ان کی معلومات کو درج کریں۔ فارم میں شامل تمام غیر شادی شدہ اولاد کی شناختی دستاویزات کی نقول فراہم کی جانی چاہئے (براہ مہربانی اس نوٹس کے پیراگراف 9.2(i) اور (ii) سے رجوع کریں)۔

2.1.2 درخواست گزار کی شریک حیات اور اولاد کو کامل سماجی تحفظی امداد (CSSA) رسید وصول کرنے کی صورت میں، ایڈجسٹڈ فیملی انکم (AFI) کے متعین کردہ طریقہ کار کے تحت 'خاندان' کے ارکان کے طور پر شمار نہیں کیا جائے گا۔

2.1.3 طالب علم - درخواست گزار جن کی نصابی کتب کے اخراجات، گھر پر انٹرنیٹ کی رسائی کے اخراجات اور طالب کے علم سفری اخراجات، بشمول کسی بھی سرکاری یا نجی تنظیموں یا اسکولوں کی جانب سے اسکول آنے اور جانے کے لئے مفت ٹرانسپورٹکے تناظر میں مالیاتی معاونت وصول کرنے کے لئے منظوری دی گئی ہے، SFO کے ذریعے یکساں قسم کی امداد کیلئے درخواست نہیں دے سکتے۔ ان تنظیموں میں اسکول، SWD، EDB، ہانگ کانگ جاکی کلب، پبلک ٹرانسپورٹ کمپنیاں، وغیرہ شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں ہیں۔ اگر بعد میں یہ دریافت ہوا کہ درخواست گزار طالب علم دہری سبسڈی سے فائدہ اٹھا رہا ہے تو، درخواست گزارSFO کی درخواست پر فوراً زائد ادا کی جانے والی رقم واپس کرنے کا ذمہ دار ہو گا۔ اگر طالب علم جس نے کامیابی سے STS کے لیے درخواست دی ہے وہ بعد میں بورڈر بن جاتا ہے یا ٹرم ٹائم کے دوران اسکول کی جانب سے فراہم کردہ ہاسٹل میں رہتا ہے تو، درخواست گزار کو چاہیے کہ وہ جلد از جلد SFO کو مطلع کرے تاکہ متعلقہ طالب علم کے لیے سفری سبسڈی کی رقم کا دوبارہ حساب لگایا جا سکے۔

2.1.4 درخواست گزارکو مندرجہ ذیل کوڈ استعمال کرتے ہوئے 2025/26 تعلیمی سال میں اپنے بچے (بچوں) کی حاضریوں کے حوالے سے پُر کرنا چاہئے:

| | | |
|---|---|---|
| (i) پورے دن چائلڈ کئیر سنٹر (عمر گروپ 2-0) | 1 | N |
| (ii) پورے دن چائلڈ کئیر سنٹر( عمر گروپ 3-2) | 2 | N |
| (iii) کنڈرگارٹن میں نرسری کلاس | 1 | K |
| (iv) کنڈر گارٹن میں لوئر کلاس | 2 | K |
| (v) کنڈر گارٹن میں اپر کلاس | 3 | K |
| (vi) پرائمری 1 سے 6 | 1 / 2 / 3 / 4 / 5 / 6 | P / P / P / P / P / P |
| (vii) ثانوی 1 سے 3 | 1 / 2 / 3 | S / S / S |
| (viii) ثانوی 4 تا 6 | 4 / 5 / 6 | S / S / S |
| (ix) ڈپلومہ برائے اپلائیڈ ایجوکیشن/ ڈپلومہ یی جن | J | Y |
| (x) دیگر (مثلاً: تیسرا درجہ) | L | O |

2.1.5 اگر درخواست گزار گھریلو درخواست فارم جمع کرانے کے بعد درخواست کی تفصیلات میں ترمیم کرنا چاہتا ہے (بشمول اضافی اسکیم (اسکیموں) کے لئے درخواست دینا / اسکیم (اسکیموں) میں ترمیم کرنا جن کے لئے درخواست دی جا چکی ہو)، تو براہ کرم درخواست کو تحریری طور پرمعقولیت کے ساتھ جمع کرائیں، اور درخواست فارم جمع کرانے کی تاریخ کے 30 دن کے اندر اسے SFO کو ارسال کر دیں۔ درخواست دینے کے لئے اضافی اسکیم (اسکیموں) / اسکیم (اسکیموں) میں ترمیم کے لئے درخواست دہندگان کے ذریعہ مقررہ درخواست دہندہ کے درخواست نمبر / HKID کارڈ نمبر کے ساتھ دستخط کرنا ضروری ہے۔ ان درخواستوں پر عمل کاری کرنے میں زیادہ وقت لگے گا۔ براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ مالیاتی امداد کے لئے تاخیر سے آئی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں، درخواست گزار کو درخواست فارم جمع کرانے سے پہلے، احتیاط سے پڑتال کر لینی چاہئے کہ کیا تمام اسکیم (اسکیموں) کا انتخاب کر لیا ہے جن کے لئے وہ درخواست دینا چاہتا ہے۔

2.2 انٹر نیٹ رسائی چارجز کے لیے سبسڈی (SIA)

درخواست گزار کو SIA کے لیے اپلائی کرنے کی ضرورت نہیں ہے، جوکہ گھریلو بنیاد پر ہے اور صرف پرائمری اور سیکنڈری درجوں کے طلبہ کے کنبہ کے لیے قابل اطلاق ہے۔ کنبوں کو سبسڈی فراہم کی جائے گی بشرطیکہ وہ طلباء ٹیسٹ پاس کر سکیں اور طالب علم درخواست دہندہ SIA کے لیے اہلیت کے معیار پر پورا اترسکے۔ . یہ سبسڈی صرف ان کنبوں پر لاگو نہیں ہوگی جن میں صرف پری پرائمری طلباء ہوں۔

C. **Subsidy for Internet Access Charges (SIA)**
*(On household basis and only applicable to families with students of primary and secondary levels. Not applicable to fa*
SIA will be disbursed to eligible families.
For families which ***do not need*** SIA, please put "✓" in the box on right-hand side. ☑ Do not need

ان کنبوں کے لیے جنہیں SIA کی **ضرورت نہیں ہے**، براہ مہربانی فراہم کردہ خانے می" ✓" لگائیں۔

2.3 زیرکفالت والدین

2.3.1 زیرکفالت والدین سے مراد درخواست گزار کے والدین، بشمول ساس سسر ہیں، جو درخواست جمع کراتے وقت CSSA کے وصول کنندہ نہیں ہیں۔ انہیں عمومی تشخیص سال (1 اپریل 2024 تا 31 مارچ 2025) میں بے روزگار ہونا چاہئے اور کم از کم 6 ماہ کے لئے مندرجہ ذیل شرائط میں سے کسی ایک پر پورا اترنا چاہئے :

(A) درخواست گزار کے خاندان کے ساتھ مقیم؛ یا

(B) درخواست گزار یا اس کا / کی شریک حیات کی ملکیت یا کرائے والے احاطے میں مقیم؛ یا

(C) ایک بزرگوں کے لئے گھر میں مقیم اور اخراجات مکمل طور پر درخواست گزار یا اس کا / کی شریک حیات کی طرف سے ادا کیے گئے ہوں یا مکمل طور پر درخواست گزار یا اس کا / کی شریک حیات کی طرف سے معاونت کی گئی ہو۔

**متوجہ ہوں: درخواست گزار یا اس کا / اس کی شریک حیات کو 2025/26 تعلیمی سال میں اپنے والد یا والدہ (والدین) کی معاونت کرنا جاری رکھنا ضروری ہے اور معاونت کی صورت تشخیص کے سال کی طرح ہونی چاہئے۔ (اگر درخواست گزار کے اپنی درخواست جمع کروانے سے قبل منحصر والد یا والدہ (والدین) کا انتقال ہو گیا ہے، تو یہ ان کے والد یا والدہ (والدین) کے حوالے سے مسلسل تعاون کی ضرورت کو پورا نہیں کرتا ہے۔ درخواست گزار کو اپنے فوت شدہ والد یا والدہ (والدین) کی معلومات کو پُر کرنے کی ضرورت نہ ہے)۔ اس کے علاوہ، جیسا کہ خاندان کے اراکین کی تعداد براہ راست امداد کی سطح پر اثرانداز ہو سکتی ہے جس کیلئے درخواست گزار کا خاندان اہلیت رکھتا ہے، براہ کرم مکمل شدہ درخواست فارم بشمول والد یا والدہ (والدین) کی معاونت کے لئے دستاویزی ثبوت (جیسے کرایہ داری کا معاہدہ ، رہائشی پتہ کا ثبوت یا بزرگ افراد کے لئے گھر کی رسید وغیرہ) غور کرنے کے لیے پوسٹ کے ذریعہ SFO کو ارسال کریں۔**

2.3.2 اگر درخواست گزار یا اس کے شریک حیات کے زیر کفالت والدین ہیں، اور اگر وہ ہانگ کانگ شناختی کارڈ کے حاملین نہ ہیں تو، براہ مہربانی فارم میں فراہم کردہ زیرکفالت والدین کی شناختی دستاویزات کی کاپیاں جمع کرائیں۔ اگر درخواست گزار یا اس کی شریک حیات کے منحصر والد یا والدہ (والدین) نہ ہوں تو، براہ مہربانی اس حصے کو پُر نہ کریں۔

براہ کرم مناسب خانے میں "✓" لگائیں۔ اگر ہاں، تو براہ کرم حصہ "D" کو چھوڑ دیں۔ اگر نہیں، تو براہ کرم حصہ "D" کو مکمل کرنا جاری رکھیں اور اس نوٹ کے پیراگراف 2.3.1 کو دیکھیں۔

براہِ کرم ماتحت والد/والدہ (والدین) کے ذاتی کوائف جمع کروائیں اور ان کی شناختی دستاویزات (مثلاً ہانگ کانگ اسمارٹ شناختی کارڈ) کی ایک نقل اور والدین کے نان نفقے کے لیے دستاویزی ثبوت فراہم کریں۔ (حسبِ اطلاق)۔

D. **Dependent Parent** ***(If you / your spouse have dependent parent(s), please fill out this section, otherwise do not fill out the spaces below.)***

(i) Is/Are the dependent parent(s) currently in **receipt of the Comprehensive Social Security Assistance (CSSA)** and/or (ii) **under employment** during the assessment period?

# ☐ **Yes** (<u>Need not</u> complete Part "D") ☑ **No** (Continue to complete Part "D" and refer to Paragraph 2.3 of "Notes on How to Complete and Return Household Application Form" on the definition of "Dependency")

| Name of Dependent Parent | HKID Card No. and Year of Birth (Please refer to paragraph 2.3.2 of "Notes on How to Complete and Return Household Application Form" and provide copy (if applicable)) | Dependency Status (Please put "✓" in the appropriate box) at least 6 months during 1.4.2024 to 31.3.2025: Resided with the applicant's family | Resided in premises owned or rented by the applicant or his/her spouse | Resided in an elderly home and the expenses were fully paid by the applicant or his/her spouse OR totally supported by the applicant or his/her spouse |
|---|---|---|---|---|
| (1) Name in Chinese: 陳 大 福<br>(2) Name in English: CHAN TAI FUK | HKID Card No.: E 123456 (7)<br>or<br>Other Identity Document Type: *(Please refer to paragraph 1.1 of "Notes on How to Complete and Return Household Application Form")*<br>Other Identity Document No.:<br>Year of Birth: 1946 | ✓ | | |

اگر منحصر والدین ہانگ کانگ شناختی کارڈ کے حامل نہیں ہیں، تو براہ کرم اس نوٹ کے پیراگراف 1.1 کے مطابق دیگر شناختی دستاویز کی قسم اور نمبر فراہم کریں۔

درخواست گزار پیراگراف 2.3.1(A)،(B) اور (C) کو دھیان سے پڑھ کر مناسب خانے میں "✓" کا نشان لگائے۔

## 3. حصہ III رہائشی پتہ

3.1 درخواست گزار کو اس حصے میں رہائشی پتہ فراہم کرنا چاہئے تاکہ SFO منتخب درخواست دہندگان کے لئے گھریلو دورہ کرنے کا بندوبست کرسکے۔ اگر درخواست دہندہ کا رہائشی پتہ درخواست فارم کے حصہ I میں فراہم کردہ مطابقت پتہ کی طرح ہے تو، درخواست گزار کو یہ حصہ مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## 4. حصہ IV خاندانی آمدنی

براہ مہربانی تشخیص کی مدت کے دوران پوزیشن، بے روزگاری، گھریلو خاتون یا ریٹائرمنٹ کے ساتھ فیلڈز کو مکمل کریں۔ اگر یہ پورا سال نہیں ہے تو براہ مہربانی مثالوں کے حوالے سے مدت کی وضاحت کریں۔

براہ مہربانی 1 اپریل 2024 سے 31 مارچ 2025 تک کی کل آمدنی ~~(اعشاریہ کے بغیر عدد) فراہم کریں.~~ **<u>SFO تخمینہ کردہ رقم کو قبول نہیں کرے گا، اور اس لئے براہ کرم حقیقی اعداد و شمار فراہم کریں۔</u>** دیگر آمدنی کے ذرائع کے لئے، جیسا کہ کرایہ کی آمدنی (اس نوٹ کے پیراگراف 4.1 میں "اشیا جن کی اطلاع دیئے جانے کی ضرورت ہے" کے تحت جز 11 کو ملاحظہ کریں)، اولاد کی طرف سے حصہ رسدی جو خاندان کے ساتھ نہیں رہتی / رشتہ دار/دوست، سرمایہ کاری سے خلوت یا مفادات، براہ کرم رقم کو مندرجہ ذیل مثال کے مطابق بیان کریں۔

| Applicant and Family Member | Mode of employment | Position / Other (e.g. housewife, unemployed, retired) (Please specify period if it is not a whole year) | Total Annual Income ($) (Including bonus / allowance / part-time income (excluding Mandatory Provident Fund (MPF) / Provident Fund contribution by employee)) | | For Office Use |
|---|---|---|---|---|---|
| ① Applicant | # ☑ Full-time<br># ☐ Part-time | Unemployed (1.4.2024 – 30.4.2024)<br>Clerk (1.5.2024 – 31.12.2024)<br>Self-employed Driver (1.1.2025 – 28.2.2025)<br>Retired (1.3.2025 – 31.3.2025) | Salary ($)<br>Business profit ($) | 80000<br>45000 | |
| ② Spouse | # ☐ Full-time<br># ☑ Part-time | Housewife (1.4.2024 – 30.9.2024)<br>Part-time Cashier (1.10.2024 – 31.3.2025) | Salary ($)<br>Business profit ($) | 30000 | |
| ③ Unmarried child residing with the family (if applicable)<br>Name: CHAN Tai-ming | # ☑ Full-time<br># ☐ Part-time | Waiter (1.4.2024 – 10.6.2024)<br>Unemployed (11.6.2024 – 31.3.2025) | Salary ($)<br>Business profit ($) | 36000 | |
| ④ Unmarried child residing with the family (if applicable)<br>Name: | # ☐ Full-time<br># ☐ Part-time | | Salary ($)<br>Business profit ($) | | |

| ⑤ Other income (if applicable) | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Contribution from children not residing together, relatives or friends ($) | Rental income of property, land, carpark, vehicle or vessel ($) | Interests from investments, fixed deposit ($) | Alimony ($) | For Office Use |
| 12000 | 96000 | 5000 | | |
| Pension (excluding lump sum retirement gratuity) ($) | Widow's & Children's Compensation ($) | Others ($) | | |
| | | | | |
| **Total =** 304000 | | | | |

کل رقم صرف حوالہ کے لئے ہے۔ SFO راہنمائی کے نوٹ کے پیراگراف 3 میں بیان AFI طریقہ کار کے مطابق طلبہ مالیاتی معاونت اور اس امداد کی سطح کے لئے خاندان کی اہلیت کا جائزہ لے گا۔

4.1 دونوں صورتوں میں ہانگ کانگ کے اندر اور باہر کنبوں کی حاصل ہونے والی آمدنی کے بارے میں بتایا جائے جن کی بابت ذیل کی فہرست میں حوالہ دیا گیا ہے۔ دستاویزی ثبوتوں کی فراہمی کے لیے، دستاویزی ثبوتوں کے لیےبراہ مہربانی اس نوٹس کا پیراگراف 9.2 (vi) ملاحظہ فرمائیں

| # | اشیا جن کی اطلاع دیئے جانے کی ضرورت ہے | # | اشیا جن کی اطلاع دیئے جانے کی ضرورت نہیں ہے |
|---|---|---|---|
| 1 | تنخواہ (بشمول درخواست گزار، درخواست گزار کی/ کا شریک حیات کی تنخواہ اور طالب علم - درخواست گزار کے غیر شادی شدہ بہن بھائی جو درخواست گزار کے ساتھ کل وقتی رہ رہے ہوں، جز وقتی یا عارضی ملازمتیں، لازمی پراویڈنٹ فنڈ (MPF)/ ملازم کی طرف سے جاری کردہ پرووڈنٹ فنڈ شراکت کو چھوڑ کر) | 1 | حکومت کی طرف سے مالی اعانت، یا کمیونٹی کیئر فنڈ کے تحت امدادی پروگرام سے ادائیگی (جیسے CSSA / بڑھاپا الاؤنس / بڑھاپے کا گزر اوقات الاؤنس / معذوری الاؤنس / ری ٹریننگ الاؤنس / کام کی ترغیبی ٹرانسپورٹ سبسڈی / ورکنگ فیملی الاؤنس وغیرہ۔) |
| 2 | دہری تنخواہ / چھٹی کی تنخواہ | 2 | طویل سروس کی تنخواہ / معاہدہ کا انعامیہ |
| 3 | الاؤنس (بشمول اوور ٹائم کام / گزر بسر / رہائش یا کرایہ / ٹرانسپورٹ / کھانہ / تعلیم / منتقلی الاؤنس، وغیرہ۔) | 3 | علیحدگی کی تنخواہ |
| 4 | بونس / کمشن / تجاویز | 4 | قرضے |
| 5 | طالب علمی | 5 | یک مشت ریٹائرمنٹ انعامیہ / پرووِیڈنٹ الاؤنس |
| 6 | برطرفی کے نوٹس کے بدلے میں اجرت | 6 | وراثت |
| 7 | کاروبار کے منافع اور خود روزگار کے ذرائع کی طرف سے کمائی دیگر آمدنی، جیسے کہ فیری، ٹیکسی چلانا / منی بسیں / لاریاں، اور مہیا کئے جانے والی خدمات کی فیس، وغیرہ۔ | 7 | خیراتی عطیات |
| 8 | نان و نفقہ | 8 | انشورنس / حادثہ / زخم کا معاوضہ |
| 9 | کسی بھی فرد کی طرف سے شراکت داری جو درخواست گزار کے خاندان کے ساتھ نہ رہ رہا ہو، کی جانب سے درخواست گزار کے خاندان کے کسی بھی رکن (اراکین) (بشمول رقم یا ہاؤسنگ /ترسیلات زر کی شراکت داری / رہن کی ادائیگی کے لئے شراکت داری / کرایہ / پانی / بجلی / گیس یا دیگر زندگی کے اخراجات) | 9 | ملازم کی طرف سے شراکت کردہ MPF / پرووِیڈنٹ فنڈ (امداد کی وہ انتہائی حد جس کی رپورٹ نہیں دی جانی چاہیے $18,000 فی سال ہے) |
| 10 | فکسڈ ڈیپازٹس، اسٹاک، حصص اور بانڈز، وغیرہ سے سود۔ | | |
| 11 | جائیداد، زمین، کارپارک، گاڑی یا کشتی کے کرائےسے آمدنی (بشمول ہانگ کانگ، مین لینڈ اور بیرون ملک) | | |
| 12 | ماہانہ پنشن / بیوہ اور بچوں کے لئے معاوضہ | | |

4.2 درخواست گزار کو آمدنی اور خاندان کے جو رکن (اراکین) روزگار سے وابستہ ہیں، ان سے متعلق ثبوت مہیا کرنے چاہیئے۔ اگر درخواست گزار، درخواست گزار کی شریک حیات یا ملازمت سے جڑے خاندان کا کوئی بھی رکن انکم سرٹیفکیٹ (یعنی نمونہ I ) یا خود سے تیار کردہ آمدنی کی تقسیم (یعنی نمونہ IV) بطور آمدنی کا ثبوت، مہیا کر چکا ہے، تو بھی ہو سکتا ہے SFO درخواست گزار سے حوالہ کے لئے بینک کی پاس بک، تنخواہ کا گوشوارہ یا دیگر آمدنی کا ثبوت فراہم کرنے کا کہے۔ اگر درخواست گزار خاص وجوہات کی وجہ سے، کوئی بھی آمدنی کا ثبوت فراہم نہیں کر سکتا ہے، تو مناسب وجوہات اور آمدنی کا تفصیلی حساب فراہم کرتے ہوئے، SFO کو براہ کرم تحریری طور پر مطلع کرے۔ درخواست گزار کو ذاتی طور پر وضاحتی خط پر دستخط کرنا ہوگا۔ اگر مہیا کردہ وضاحت یا دستاویزات متعلقہ خاندانی رکن (اراکین) کی رپورٹ کردہ آمدنی کی معلومات کی تصدیق نہیں کر سکتے ہیں، (جیسا کہ خود سے لکھا آمدنی کا گوشوارہ)، تو درخواست گزار اور اس کے خاندان کے اراکین کی آمدنی کا اندازہ لگانے کے لئے SFO کو ترتیب کرنے اور بینچ مارک کے اعداد و شمار (متعلقہ سرکاری محکموں جیسے محکمہ مردم شماری اور محکمہ شماریات کی فراہم کردہ شماریاتی معلومات پر مبنی) کو اطلاق کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ خاندان کی آمدنی کا تعین کرنے کے لئے، ضرورت پڑنے پر، SFOدرخواست دہندگان سے اشیاء کے دستاویزی ثبوت مہیا کرنے کا تقاضا کر سکتا ہے جو مندرجہ بالا میں موجود نہیں ہیں یا رقوم کے لئے مزید وضاحت طلب کرسکتا ہے جو خاندان کے رہن سہن کو برقرار رکھنے کے لئے استعمال کیا گیا ہو لیکن درخواست میں اس کا حساب کتاب نہ لکھا گیا ہو جیسے بچت، قرضے۔ SFO درخواست گزار سے دستاویزی ثبوت بشمول بینک بچت کا ریکارڈ، مقروض سے باضابطہ دستخط کردہ اعلامیہ، وغیرہ مہیا کرنے کی درخواست بھی کر سکتا ہے۔ اگر کوئی درست ثبوت فراہم نہیں کیا جاتا ہے، تو خاندان کے رہن سہن کو برقرار رکھنے کے لئے رقم کو خاندانی آمدنی کے حصہ کے طور پر لیا جا سکتا ہے۔

## 5. حصہ V خاندان کے رکن ( اراکین) کی طرف سے واقع ہونے والے طبی اخراجات

(براہ کرم معاون دستاویزات کی ایک نقل فراہم کریں)

| Name | Nature of incapacity or chronic illness | Medical expenses incurred within the assessment period ($) |
|---|---|---|
| **CHAN Tai-fuk** | **Suffering from diabetes and requiring regular medical treatment.** | **1 0 4 0 0** |

5.1 اگر درخواست گزار نے 1 اپریل 2024 تا 31 مارچ 2025 کے دوران خاندان کے افراد کے طبی اخراجات برداشت کیے ہیں (خاندان کے ان افراد کے جو دائمی بیمار ہیں یا مستقل طور پر معذور ہیں)، تو وہ صورتحال کی تفصیلات درخواست فارم کے حصہ V میں بیان کر سکتا/سکتی ہے۔ درخواست گزار کو ہسپتالوں / کلینک / رجسٹر شدہ پریکٹیشنرز کی طرف سے جاری کردہ متعلقہ طبی سرٹیفکیٹ (سرٹیفکیٹس) اور رسید (رسیدیں) لازمی مہیا کرنی ہیں تاکہ SFO اس طرح کے اخراجات کی کٹوتی پر غور کر سکے۔ (تعلیمی سال 2025/26 میں فی سال خاندان کے ہر فرد کے لئے کٹوتی کی رقم کی زیادہ سے زیادہ حد $23,800 ہے)۔

## 6. حصہ VI معاونت کی ادائیگی کے لئے درخواست دھندہ کا بینک اکاؤنٹ

(اکاؤنٹ لازماً درخواست گزار کے نام پر ہونا چاہیے اور براہ کرم بینک گوشوارہ، بینک بک کے پہلے صفحے کی کاپی فراہم کریں-#)

6.1 جیسا کہ SFO خود کار ادائیگی کے کنڈر گارٹن طلباء کے لیے اسکول سے متعلق اخراجات کے لیے گرانٹ، اسکول ٹیکسٹ بک معاونت، طالب علم سفر سبسڈی، انٹر نیٹ رسائی چارجز کے لیے سبسڈی، ڈپلومہ برائے اپلائیڈ ایجوکیشن / ڈپلومہ یی جن فیس کی ادائیگی اور فیس کی ادائیگی (نامزد شدہ شام کو ہونے والے بالغ تعلیمی کورسز کے لئے مالیاتی معاونت اسکیم) جاری کرے گا، درخواست گزار کو متعلقہ دستاویز کی ایک نقل منسلک کرکے <u>درست بینک اکاؤنٹ ہولڈر</u> کا نام، <u>بینک کا نام اور بینک اکاؤنٹ نمبر فراہم کرنا ہے</u>۔ براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ SFO ادائیگی کی وصولی میں تاخیر / معاونت کی رقم میں نقصان / کسی بھی غلطی، جس کا ارتکاب درخواست گزار کی جانب سے جیسے بینک اکاؤنٹ ہولڈر کا نام اور / یا بینک کوڈ اور / یا اکاؤنٹ نمبر فراہم کرنے میں کیا جاتا ہے، کے سبب پیدا ہونیوالے کسی بھی اضافی بینک چارجز کے لئے کوئی ذمہ داری نہیں لے گا۔

6.2 بینک اکاؤنٹ <u>صرف</u> درخواست گزار کے نام کے تحت درست مقامی سیونگ اکاؤنٹ ہونا چاہیے۔ (اس کا استعمال حال ہی میں ہونا چاہئے) مشترکہ اکاؤنٹ، کریڈٹ کارڈ اکاؤنٹ، لون اکاؤنٹ، فکسڈ ڈپازٹ اکاؤنٹ اور غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹ قابلِ قبول نہیں ہیں۔

6.3 براہ مہربانی مندرجہ ذیل مثال کے حوالے سے درست بینک اکاؤنٹ کی معلومات پُر کریں:

| | |
|---|---|
| Account holder's name in English: | C H A N   T A I   M A N |
| Applicant's bank account no.: | 0 2 4 - 1 2 3 4 5 6 7 8 9 0 |
| | Bank Code   Bank Account Number |
| | (e.g. Standard Chartered Bank 003; HSBC 004; Hang Seng Bank 024) |
| Bank name: | Hang Seng Bank |

6.4 'بینک کوڈ" سے متعلق معلومات کے لئےدرخواست گزار معاونت کے لئے متعلقہ بینک سے رجوع کر سکتا ہے۔

6.5 اگر درخواست گزار کو درخواست فارم جمع کرانے کے بعد بینک اکاؤنٹ ہولڈر کا نام اور / یا بینک اکاؤنٹ نمبر تبدیل کرنے کی ضرورت ہو، تو براہ مہربانی SFO کو تحریری طور پر اس تبدیلی کی اطلاع دیں جس میں معاون دستاویز کے ساتھ بینک اکاؤنٹ ہولڈر کا نام اور اکاؤنٹ نمبر دکھایا گیا ہے تاکہ مالی امداد کی تقسیم میں کسی بھی تاخیر سے بچا جا سکے۔

(# درخواست گزار کو درخواست فارم پر بینک اکاؤنٹ نمبر کی معلومات صحیح اور واضح طور پر لکھنا ہو گی۔ اگر پیراگراف 9.2 (vi) میں بیان کردہ تقاضوں کو پورا کیا جاتا ہے تو درخواست گزار کو متعلقہ معاون دستاویزات فراہم کرنے کی ضرورت نہ ہے۔)

## 7. حصہ VII درخواست گزار سے متعلق اضافی معلومات

براہ کرم CSSA کی وصولی میں خاندان کے افراد کے بارے میں تفصیلات فراہم کریں یا اس حصے میں تشخیص کی مدت کے بعد درخواست دہندہ کے خاندان کی تفصیلات میں خاطر خواہ تبدیلیاں ہوئی ہیں (مثلاً بے روزگاری یا خاندان کے کسی فرد کی آمدنی میں خاطر خواہ کمی وغیرہ)۔ بصورت دیگر، براہ مہربانی اس حصے کو خالی چھوڑ دیں۔

1. If you have filled in Part II particulars of any student-applicant who is <u>not</u> a self-bearing child of yours, please specify his/her name and explain in detail with proof why the application is not submitted by the parent of the student.

2. If your family <u>is receiving / has received CSSA</u> any time during the period from 1 April 2024 to the time of submission of application, please specify the relevant duration, names of the family members in receipt of CSSA and quote the CSSA reference number.

   **WONG Siu-fan and CHAN Tai-ming received CSSA during 1.4.2024 – 30.9.2024. The case file number was ABC-C-123456.**

3. If you have special financial hardship, please state details of the situation, relevant duration and submit supporting documents.

   **The applicant, CHAN Tai-man has been unemployed since 1.5.2025. The family income is substantially reduced after the assessment period which results in financial hardship (see the attached supporting documents).**

## 8. حصہ VIII اعلامیہ

8.1 درخواست گزار اور اس کا / کی شریک حیات (اگر قابل اطلاق ہے) کو پیرا گراف کو دھیان سے پڑھنا ہے اور درخواست فارم میں مہیا کردہ جگہ پر دستخط کرنا ہے۔

<u>**درخواست اور معاون دستاویزات کی جمع آوری**</u>

9.1 یہ SFO درخواست گزاروں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ درخواست اور معاون دستاویزات کی کاپی آن لائن جمع کرائیں، جو کہ باسہولت ہے اور وقت اور پیسے کی بچت کرتا ہے

(i) پرائمری اور سیکنڈری طلباء کی مالی معاونت کے لیے درخواستوں پر قابل اطلاق

اگر کاغذ پر مبنی "گھرانہ درخواست فارم برائے طالب علم مالیاتی معاونت اسکیمز" استعمال کر رہے ہیں تو، براہ مہربانی فراہم کردہ ایڈریس لفافے کا استعمال کرتے ہوئے، <u>**31 مئی 2025 کو یا اس سے پہلے**</u> SFO (Tsimshatsui PO Box 96824) کو متعلقہ معاون دستاویزات کی کاپی کے ساتھ پُر شدہ فارم جمع کرائیں۔ <u>براہ مہربانی مطلوبہ ڈاک ٹکٹ چسپاں کریں</u>۔ مطلوبہ ڈاک کے عدم موجودگی کے باعث درخواست فارم کی عدم فراہمی ہو سکتی ہے، جس معاملے میں SFO درخواست پر کارروائی نہیں کر سکے گا۔ درخواست دہندگان کو پتہ شدہ لفافے کی پُشت پر اپنا خط و کتابت کا پتہ تحریر کرنا چاہیے تاکہ غلط / ناکام ترسیل سے بچ سکیں۔

(ii) پری پرائمری طلباء کے لیے مالی معاونت کے لیے درخواستوں پر قابل اطلاق ہے

درخواست گزاروں کو "گھرانہ درخواست فارم برائے طالب علم مالیاتی معاونت اسکیمز"کو SFO کو <u>**2025/26 کے تعلیمی سال میں جماعت کی تعلیم مکمل ہونے سے پہلے یا 15 اگست 2026 کے بعد، جو بھی پہلے ہو**</u>،ارسال کرنا چاہئے۔ فیس معافی کا مؤثر مہینہ وہ مہینہ ہو گا جس میں درخواست فارم درخواست دہندگان کی جانب سے جمع کرایا جائے گا، یا وہ مہینہ ہو گا جس میں طلبہ درخواست دہندگان کو کنڈر گارٹن/بچوں کی دیکھ بھال کے مراکز میں داخل کیا جائے گا، ان میں سے جو بھی بعد میں ہو۔

9.2 ضروری دستاویزات میں شامل ہیں:

(i) ون وے پرمٹ/ ویزا / ہانگ کانگ میں رہنے کے لیے پرمٹ/ویزا/ طالب علم درخواست گزار کے ہانگ کانگ پیدائشی سرٹیفکیٹ کی کاپی اگر وہ ہانگ کانگ کے مستقل شناختی کارڈ کا حامل نہ ہو جیسا کہ ون وے پرمٹ / منحصر ویزا / دوسرا انٹری ویزا یا اس کی عمر 11 سال سے کم ہو؛

(ii) **درخواست گزار** اور اس کے **خاندان کے افراد** کے شناختی دستاویزات کی کاپی جیسا کہ حصہ II میں مندرج ہے (ماسوائے طالب علم-درخواست گزار لیکن ان پر **منحصر والد یا والدہ (والدین)** (اگر قابل اطلاق ہو) اگر وہ ہانگ کانگ کے شناختی کارڈ کے حامل نہ ہیں؛

(iii) (**صرف واحد والدین خاندانوں** کے لئے) علیحدگی / طلاق سے متعلقہ دستاویزات کی نقل یا شریک حیات کی موت کا سرٹیفکیٹ۔ اگر درخواست دہندگان متعلقہ دستاویزات فراہم کرنے کے قابل نہیں، تو براہ کرم تحریری طور پر وضاحت دیں اور وضاحتی نوٹ پر دستخط کریں؛ اگر درخواست دہندہ مطلوبہ معاون دستاویزات فراہم کرنے سے معذورہے تو، SFO درخواست پر کارروائی کرنے کا حق اس بنیاد پر محفوظ رکھتا ہے کہ درخواست دہندہ کے ساتھ واحد والدین کی طرح تصور نہ کیا جائے؛

(iv) (اگر قابل اطلاق ہو) ماتحت والدین کا خرچ اٹھانے کے دستاویزی ثبوت کی ایک نقل؛

(v) (اگر قابل اطلاق ہو) 1 اپریل 2024 سے 31 مارچ 2025 تک کے لئے ناگزیر **طبی اخراجات** سے متعلق دستاویزی ثبوت کی کاپی (خاندان کے افراد کے لئے جو دائمی طور پر بیمار ہیں یا مستقل طور پر معذور ہیں)؛

(vi) براہ مہربانی بینک اسٹیٹمنٹ کی کاپی / بینک بک کا پہلا صفحہ فراہم کریں۔ اگر ضروریات پوری ہوتی ہیں تو، بینک اکاؤنٹ کی متعلقہ معاون دستاویز جمع کرانے کی ضرورت نہ ہے۔ اگر درخواست گزار نے ورکنگ فیملی اینڈ اسٹوڈنٹ فنانشل اسسٹنس ایجنسی کی مالی امداد کی اسکیم کے تحت کامیاب درخواست دی ہو اور اسے اس کے بینک اکاؤنٹ میں گرانٹ اور/یا قرض کی ادائیگی کے ساتھ تقسیم کیا گیا ہو جبکہ درخواست گزار نے اوپر مندرج کامیاب درخواست میں بینک اکاؤنٹ کے ثبوت کی ایک کاپی جمع کرائی ہو اور 2025/26 تعلیمی سال کے لیے درخواست میں وہی بینک اکاؤنٹ استعمال کیا ہو (یعنی اوپر والا بینک اکاؤنٹ جو گرانٹ اور/یا قرض کے ساتھ دیا گیا ہے)،تو بینک اکاؤنٹ کی معاون دستاویز جمع کرانے کی ضرورت نہ ہے؛ اور

(vii) 1اپریل 2024 سے 31 مارچ 2025 **تک کی مدت کی کُل آمدنی کے بارے میں دستاویزی** ثبوت۔ براہ مہربانی ذیل کی فہرست میں ضرورت کی مناسبت کے ساتھ دستاویز جمع کروائیں:

| | |
|---|---|
| تنخواہ دار ملازم | (1) ان لینڈ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جاری کردہ ٹیکس ڈیمانڈ نوٹ؛ اگر دستیاب نہیں<br>(2) آجر کی اجرت اور پنشن فارم کی واپسی؛ اگر دستیاب نہیں<br>(3) تنخواہ گوشوارہ؛ اگر دستیاب نہیں<br>(4) تنخواہ، الاؤنس، وغیرہ کی ادائیگی دکھانے والے بینک لین دین کا ریکارڈ وغیرہ۔ ( بشمول صفحہ جو بینک اکاؤنٹ ہولڈر کا نام دکھاتا ہے) (براہ کرم رنگ اور تبصروں کے ساتھ اندراج کو اجاگر کریں۔ آمدنی کے علاوہ کسی بھی اندراج کے لئے، ان کے ساتھ براہ کرم ضروری تبصرے پیش کریں، بصورت دیگر SFO آپ کے خاندان کی آمدنی کےحساب کتاب میں رقم کو شامل کر سکتا ہے )؛ اگر دستیاب نہیں<br>(5) آجر کی طرف سے تصدیق کردہ انکم سرٹیفکیٹ، وغیرہ۔ (نمونہ I دیکھیں) |
| آزاد پیشہ ڈرائیور یا کاروبار چلانے والا شخص (بشمول انفرادی ملکیت والا کاروبار/شراکت دارانہ کاروبار / لمیٹڈ کمپنی) | (1) ایک مصدقہ پبلک اکاؤنٹنٹ کے ذریعے تصدیق شدہ منافع اور نقصان کا اکاؤنٹ؛ اگر دستیاب نہیں<br>(2) اپنی طرف سے تیار کیا گیا منافع اور نقصان کا اکاؤنٹ (نمونہ III & II دیکھیں) اور<br>(3) ذاتی تشخیص نوٹ (اگر قابل اطلاق ہو) |
| تنخواہ دارملازم یا آزاد پیشہ شخص جو کوئی بھی آمدنی کے ثبوت پیش نہیں کر سکتا ہے | براہ کرم نمونہ IV کی پیروی کریں تاکہ خود سے تیار کردہ آمدنی کی تقسیم فراہم کرسکیں جس میں آپ کی سال بھر کی ماہانہ آمدنی کی تفصیلات ہوں اور یہ بھی بیان کریں کہ آمدنی کا ثبوت کیوں نہیں پیش کیا جاسکتا۔ (SFO یہ فیصلہ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ ان درخواست دہندگان کی درخواست کو قبول کرے یا نہیں، جو آمدنی کا ثبوت مہیا نہ کرنے کا جواز فراہم نہیں کر سکتے) |
| کرایہ کی آمدنی والا شخص | (1) کرایہ داری کا معاہدہ ؛ اگر دستیاب نہیں<br>(2) کرایہ کی آمدنی کا ریکارڈ دکھانے والی بینک ٹرانزیکشن (بشمول صفحہ جو بینک اکاؤنٹ ہولڈر کا نام دکھاتا ہے) (براہ کرم رنگ اور تبصروں کے ساتھ اندراج کو اجاگر کریں۔ آمدنی کے علاوہ کسی بھی اندراج کے لئے، ان کے ساتھ براہ کرم ضروری تبصرے پیش کریں، بصورت دیگر SFOخاندان کی آمدنی کے حساب کتاب میں رقم کو شامل کر سکتا ہے)۔ |

درخواست گزار کو درخواست کی پراسیسنگ / معائنے کے دوران SFO کی طرف سے ہدایت پر متعلقہ دستاویز/دستاویزات دوبارہ جمع کروانا پڑ سکتی ہیں۔ کسی بھی تنازعے کی صورت میں، SFO کا فیصلہ حتمی ہو گا۔

## ذاتی ڈیٹا کی فراہمی / تصرف

10.1 درخواست دہندگان کی ذمہ داری ہے کہ وہ درخواست فارم کو مکمل طور پر اور سچائی کے ساتھ مکمل کریں او رتمام معاون دستاویزات فراہم کریں۔ SFO درخواست دہندگان کے ذریعہ فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر اس حوالے سے اہلیت اورامداد کے درجے کی جانچ کرے گا۔ نا کافی معلومات / حقائق کی غلط بیانی / غلط اور گمراہ کن معلومات کی فراہمی سے درخواست کی کارروائی موخر ہوجائے گی، درخواست کو مزید کارروائی کے لیے نااہل کردیا جائے گا یا حتیٰ کہ مجر مانہ کاروائی پر بھی منتج ہو سکتا ہے۔

10.2 درخواست میں فراہم کردہ ذاتی ڈیٹا اورWFSFAA کی طرف کسی بھی اضافی معلومات کی درخواست پر فراہم کردہ معلومات کوWFSFAA اور EDB استعمال کریں گے اور اسے WFSFAA / EDB کے ایجنٹس، سکولز / متعلقہ ادارے اور متعلقہ حکومتی بیوروز / شعبہ جات پر درج ذیل مقاصد کے لیے منکشف کیا جائے گا:

(i) ذیل میں دی گئی اسکیموں کےتحت درخواست پر کاروائی اورجوابی جانچ پرکھ سےمتعلق سرگرمیوں اوردرخواست کےنتائج کی اطلاع۔
-کنڈر گارٹن طلباء کے لیے اسکول سے متعلق اخراجات کے لیے گرانٹ (Grant-KG)
-کنڈر گارٹن اور چائلڈ کیئر سینٹر فیس کی رعائتی اسکیم (KCFRS)
-اسکول ٹیکسٹ بک معاونت اسکیم (STAS)
-امتحانی فیس میں چھوٹ کی اسکیم (EFRS)
-طالب علم سفر سبسڈی اسکیم (STSS)
-انٹر نیٹ رسائی چارجز کے لیے سبسڈی اسکیم (SIA)
- ڈپلومہ برائے اپلائیڈ ایجوکیشنیس کی ادائیگی (DAEFR) / / ڈپلوما یی جن فیس کی ادائیگی (DYJFR)
-فیس کی ادائیگی (نامزد شدہ شام کو ہونے والے بالغ تعلیمی کورسز کے لئے مالیاتی معاونت اسکیم [(FR(FAEAEC)]
-ٹرشری اسٹوڈنٹ مالی اسکیم ۔ عوامی فنڈ شدہ پروگرامز (TSFS)
-کل وقتی ٹرشری طلباء کے لیے نان-مینز- ٹیسٹڈ قرضہ اسکیم (NLSFT)
-پوسٹ سیکنڈری طلباء کے لیے مالی اعانت اسکیم (FASP)
-پوسٹ سیکنڈری طلباء کے لیے نان-مینز- ٹیسٹڈ قرضہ اسکیم (NLSPS)
-توسیع شدہ نان-مینز-ٹیسٹڈ قرضہ اسکیم (ENLS)
- جاری تعلیم فنڈ (CEF)
- ورکنگ فیملی الاؤنس اسکیم (WFA)
- اسکالرشپس، گرانٹس اور قرض کی دیگر اسکیمیں زیر نگرانی SFO

درخواست دہندہ اس بات پر رضامندی ظاہر کرتا ہے کہ WFSFAA امدادی درخواست کے نتیجے، بشمول اعانتی سطح، سبسڈی کی رقم اور اعانت کی ادائیگی کی تاریخ سے سکولز / اداروں کو مطلع کر سکتا ہے؛

(ii) درخواست / نامزدگی کی توثیق کے لیے درج بالا (i) میں مندرج اسکیمز سے متعلقہ سرگرمیاں جو کہ WFSFAA اور دیگر متعلقہ حکومتی بیوروز / محکموں اور سکولز / ان متعلقہ اداروں کے ڈیٹا بیس کے سامنے رکھ کر دیکھی جائیں جو کہ کی مالیاتی معاونت سے متعلق ہوں جو کہ درخواست گزار / درخواست گزار کے کنبہ کے ارکان کی جانب سے معاونت کے حصول سے متعلق ہوں تاکہ ڈبل سبسڈیز سے بچا جا سکے، دھوکہ دہی کی شناخت ہو سکے، زائد ادائیگی (ادائیگی) کو واپس لیا جا سکے / زائد المدت واجب ادائیگی(ادائیگیوں) یا دیگر بقیہ رقم کی شناخت ہو سکے / کسی آنے والی لاگت کو جانچا جا سکے، اور دیگر متعلقہ امور؛

(iii) اوپر (i) میں درج کی مالی امداد کی اسکیموں کے لیے درخواست / نامزدگی کی پروسیسنگ اور کاؤنٹر چیکنگ کے ساتھ EDB کے ڈیٹا بیس کے ساتھ طالب علم-درخواست گزار کے ذاتی ڈیٹا (جہاں قابل اطلاق ہو) کے ملاپ سے متعلق سرگرمیاں اور دیگر کی منظوری WFSFAA کی طرف سے طالب علم کی مالی مدد، تاکہ WFSFAA کے طالب علم کے ریکارڈ کی تصدیق/ اپ ڈیٹ ہو اور انفرادی سکیم کے لیے اہلیت کی تصدیق کی جا سکے۔

(iv) درخواست گزار اور درخواست گزار کے کنبہ کے ممبروں کے ذاتی ڈیٹا کی WFSFAA کے ڈیٹا بیس کے ڈیٹا بیس کے ساتھ ملاپ سے متعلق سرگرمیاں جو کہ درج ذیل مندرج اسکیمز کے تحت اوپر (i) میں درخواست / نامزدگی کی پراسیسنگ اور کاؤنٹر- چیکنگ اور WFSFAA کے ذریعے دیگر مالیاتی معاونت کی فراہمی سے متعلق ہوں تاکہ ڈبل سبسڈیز سے بچاؤ کیا جا سکے (اس صورت میں کہ درخواست گزار کا کنبہ متعلقہ جانچ پرکھ مدت کے دوران CSSA وصول کر رہا ہوں یا اس وقت CSSA وصول کر رہا ہو) اور تاکہ ان سے زائد ادائیگی(ادائیگیوں) کو واپس لیا جا سکے؛

(v) درخواست گزار اور درخواست گزار کے خاندان کے افراد کے ذاتی ڈیٹا کو WFSFAA کے دیگر ڈیٹا بیس اور امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کے ڈیٹا بیس کے ساتھ ملانے سے متعلق سرگرمیاں جو اوپر (i) میں درج درخواست / نامزدگی کی پروسیسنگ اور کاؤنٹر چیکنگ کے ساتھ منسلک ہیں۔ WFSFAA کی طرف سے دیگر مالی امداد، تاکہ درخواست گزار اور درخواست گزار کے خاندان کے افراد کے ریکارڈ کی تصدیق/ اپ ڈیٹ اور انفرادی اسکیم کے لیے ان کی اہلیت کی تصدیق کی جا سکے۔

(vi) قرض اکاؤنٹ (وں) کا انتظام اور بندوبست اور قرضوں کی دوبارہ ادائیگی؛

(vii) اعداد و شماراورتحقیق کےمقاصد؛ اور

(viii) معالیاتی معاونت / اسکالرشپ سے متعلقہ دیگر درخواست / نامزدگی اور / یا درخواستوں کی پراسیسنگ اور کاؤنٹر-چیکنگ اور / یا WFSFAA، EDB، HKEAA، متعلقہ حکومتی محکموں / اداروں اور سکولز / متعلقہ اداروں کی زیر نگرانی دیگر مالیاتی معاونت / اسکالرشپ عطا کیے جانے کے لیے طلباء کا انتخاب۔

10.3 درخواست گزار اور اس مرد / خاتون کے کنبہ کے ارکان کے ذاتی ڈیٹا کو سرکاری بیوروز / محکموں / تنظیموں اور متعلقہ اسکولوں / اداروں پر منکشف کیا جا سکتا ہے جو بالا پیراگراف 10.2 میں بیان کردہ مقاصد کے لیے ہو یا جہاں درخواست دہندہ نےاس طرح کے انکشاف پر رضامندی ظاہر کی ہو؛ یا جہاں اسطرح کےانکشاف کا اختیار ہو یا یہ قانون کا تقاضا ہو۔ درخواست دہندہ کے ذریعہ WFSFAA کو ذاتی ڈیٹا کی فراہمی رضاکارانہ ہے، لیکن اگر درخواست دہندہ مطلوبہ ذاتی ڈیٹا فراہم کرنے میں ناکام رہتا ہے، تو ہم اس کی درخواست پر کارروائی کرنے کے قابل نہیں ہوسکتے ہیں۔

10.4 اگر ضروری ہو تو، WFSFAA درخواست دہندگان کے اسکولز / متعلقہ اداروں، دیگر حکومتی محکموں اور اداروں، بشمول درخواست کے آجران اور اس مرد / خاتون کے خاندان کے ارکان سے رابطہ کرے گا، تاکہ درخواست میں فراہم کی گئی معلومات کی توثیق کر سکے۔ کسی بھی طرح کی غلط بیانی اور حقائق کو چھپانے کے نتیجے میں نااہلی، فراہم کردہ مکمل اعانت کی واپسی اور ممکنہ طور پر قانونی چارہ جوئی پر منتج ہو گی۔

10.5 درخواست دہندگان کے ذریعہ فراہم کردہ معلومات کی سچائی اور کُلیت کی تصدیق کرنے کے اقدام کے طور پر، WFSFAA گھریلو دورہ یا دیگر ذرائع سے کچھ کامیاب درخواست گزاروں کے حوالے کا کاؤنٹر- چیکنگ کرے گا۔ گھر کے دوروں یا توثیق کےدوران، WFSFAA عملہ درخواست کے ڈیٹا کی وضاحت طلب کرسکتا ہے اور اضافی معلومات کا تقاضا کر سکتا ہے۔ وہ تمام معاون دستاویزات کی اصل دستاویزات کا بھی جائزہ لے سکتے ہیں۔ درخواست دہندگان پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ درخواست کے اعداد و شمار کے تمام معاون دستاویزات کو کم سے کم دو سال تک اپنے پاس رکھیں، اور انہیں اس بابت WFSFAA کے عملے سے تعاون کرنا چاہیے۔ توثیق کے دوران WFSFAA عملے کے لیے جان بوجھ کر رکاوٹ، حقائق کو چھپانے یا مطلوبہ معلومات فراہم کرنے میں ناکامی فراہم کردہ امداد کی مکمل واپسی پر منتج ہو گی (بشمول WFSFAA کے زیر انتظام تمام مالیاتی اعانتی اسکیم(اسکیموں) کے تحت عطا کردہ مالیاتی اعانت) اور ممکنہ قانونی چارہ جوئی کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔

10.6 جمع کرائے گئے تمام دستاویزات قابل واپسی نہیں ہیں ۔تاہم، ذاتی ڈیٹا (پرائیویسی) آرڈیننس (ہانگ کانگ اسپیشل ایڈمنسٹریٹو ریجن کے قوانین کے باب 486) کے سیکشنز 18 اور 22 اور کے شیڈول 1 کے اصول 6 کے تحت، درخواست دہندگان کو حق حاصل ہے کہ وہ فراہم کردہ ڈیٹا تک رسائی حاصل کرےمرد / خاتون انمیں درستیاں کر سکے۔ وہ مرد / خاتون اپنےذاتی ڈیٹا کی نقول بھی درکار انتظامی معاوضوں کی ادائیگی کی شرط پر حاصل کر سکتا یا سکتی ۔ اس طرح کی درخواست ڈپٹی ڈیپارٹمنٹل سکریٹری (ایڈمنسٹریشن) WFSFAA کو دی جانی چاہئے۔

## استفسارات

11.1 گھرانہ درخواست فارم کی تکمیل اور جمع سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی ہماری-24 گھنٹہ انکوائری ہاٹلائن 2802 2345 پر کال کریں۔